© rasailojaraid.com

## زندگی فیصلوں کے مجموعے کا نام ہے

ہر فیصلے کے وقت---فیصلہ چھوٹا ہو یا بڑا

ایمان کا تقاضا صاف اور واضح ہوتا ہے

## آپ اس کے خلاف کریں:

ایمان کمزور ہو جاتا ہے، کم ہو جاتا ہے، بوسیدہ اور زدہ ہو جاتا ہے

[اپنے اللہ کو کس طرح، کیا منہ دکھائیں گے؟]

## آپ یہ تقاضا پورا کریں:

ایمان قوی ہو جاتا ہے، زندہ و توانا، تروتازہ ہو جاتا ہے

زندگی کو چین و سکون نصیب ہو جائے گا

قبر میں جنت کی ہوائیں چلیں گی

روزِ محشر عزت سے اٹھایا جائے گا

نامہ اعمال داہنے ہاتھ میں دیا جائے گا

عرش کا سایہ ملے گا

پُل صراط پر نور راستہ دکھائے گا

حوضِ کوثر سے پیاس بجھائی جائے گی

بالآخر جنت کا عیش و آرام ہوگا۔ کیا کچھ نہ ہوگا!

یقیناً: لا عیش الا عیش الاخرۃ

پھر، اے میرے مسلمان بھائی / اے میری مسلمان بہن،

معمولی معمولی عارضی لذتوں کے لیے، بلکہ بے لذت بھی

کیوں اپنی عاقبت خراب کرتے/کرتی ہو؟

**فیصلہ جب کرو، ایمان کے مطابق کرو۔**

(خیر خواہ)

© rasailojaraid.com